شاعری ان الفاظ
کا مجموعہ ہے
جو وجدان سے
اُفقِ خیال پر وارد
ہونے کے بعد
قلم و قرطاس پر
اترتے ہیں۔
سراپا دُعا
دعا علی

بسم الله الرحمن الرحيم
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
نام کتاب ---- سراپا دعا (طویل نظم)
شاعرہ ------------- دعا علی
کمپوزنگ ------------- دعا علی
تاریخ اشاعت ---- 17 اکتوبر 2023
1

طویل نظم
دعا علی
اُن سے کہا میں نے
سنیے!
اک بات کہنی ہے
اجازت دیں گے؟
وہ سنی ان سنی کر گئے
کہا میں نے
صرف اتنی اجازت دے دیں
کہ جو لفظ دل میں قید ہیں
وہ آپ سے میں کہہ دوں
جو دل کی بے قراریاں ہیں
وہ آپ سے میں کہہ دوں
سراپا دعا
2

طویل نظم
دعا علی
کہا میں نے
کچھ تو بولیے
کچھ تو لکھیے
کیا یہ ممکن نہیں کہ میں اظہار کر جاؤں
اپنے دل کی ہر بات کہہ جاؤں
وگرنہ شاید
میری آنکھوں سے قطرہ قطرہ
اشکوں کی بارش
لہو بن کر برسے گی
کچھ تو سوچیے
کچھ تو بولیے!
سراپا دعا
3

طویل نظم
دعا علی
یوں چپ رہنا
کچھ نہ کہنا
مجھے تڑپاتا ہے
میری جان جانے لگتی ہے
دل میں ویرانی چھانے لگتی ہے
میرے اندر کی تڑپ چلانے لگتی ہے
کچھ تو کہیے
کہا میں نے
بہت سنگدل ہیں آپ
پتھر ہیں بلکل!!
سراپا دعا
4

طویل نظم
دعا علی
کہا میں نے
آپ کیا جانیں
آپ کیا سمجھیں
کتنے کرب میں ہوں
آپ کا نظر انداز کرنا
کس قدر تکلیف دہ ہے
کچھ تو بولیے
کچھ تو لکھیے
آپ کی خامشی میں کیا سمجھوں؟
میں کیا جانوں؟
سراپا دعا
5

طویل نظم
دعا علی
مجھے کیا علم
آپ کے دل میں کیا چھپا ہے
کچھ تو کہیے!
ان کی خامشی ٹوٹی
اور کہنے لگے دعا
"جہاں تک آپ سوچتی ہو
میں اُس سے بھی کہیں زیادہ
تم سے پیار کرتا ہوں
مگر اے میری روحِ من!!
کام بھی تو کرنے ہیں ناں
بنا کام کے گذارہ نہیں ممکن"
سراپا دعا
6

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
نہیں !!
آپ مجھ کو نظر انداز کرتے ہیں
آپ کو کیا علم ؟
پھر میں کتنا بے چین رہتی ہوں
مجھے پھر ایسا لگتا ہے
جیون میں خزاں در آئی ہو جیسے
پر آپ کیا سمجھیں
آپ کیا جانیں
میری بے چینی، میری بے قراری
میرا اضطراب
سراپا دعا
7

طویل نظم
دعا علی
آپ کو کیا علم میں کتنی بے بس ہوں
میں کتنی بے کس ہوں؟
آپ کو سوچنا چھوڑ دوں
تو سانسیں رکنے لگتی ہیں
میری بے بسی میری بے کسی
آپ کیا سمجھیں آپ کیا جانیں؟
کتنے آنسو پلکوں پہ سجائے ہیں؟
کتنے آنسو آنکھوں میں جھلملائے ہیں؟
سراپا دعا
8

طویل نظم
دعا علی
خود پر غصہ بھی بہت آتا ہے
کہ کہاں گئی میری انا
میری خودداری
آپ کے سامنے تو ساری کی ساری
دھری رہ گئی جیسے
میرے حواسوں پر سوار ہو گئے ہیں آپ
آپ کا طلسم ٹوٹتا ہی نہیں
آپ کو کیا خبر!!
میں آپ سے کتنی متاثر ہوں؟
سراپا دعا
9

طویل نظم
دعا علی
آپ میری نس نس میں سما چکے ہیں
میرے دل کے تار ہلا چکے ہیں
میرے تخیل میں
میرے وجدان میں
ڈیرہ جما چکے ہیں
آپ کو کیا پتہ!
میں کتنی بے کل ہوں
آپ کے حصار سے نکلنا
میرے بس میں نہیں
سراپا دعا
10

طویل نظم
دعا علی
پر میں کیا کروں؟
دل سے میں مجبور ہوں
غموں سے میں چور ہوں
میرے اندر عجب سا شور ہے
شاید اک ہلچل اک طوفان۔۔۔
میری سوچ کے معنی بدل گئے
اور
آپ ہیں کہ اتنے پرسکوں ہیں
جیسے جانتے ہی نہیں میرا جنون
سراپا دعا
11

طویل نظم
دعا علی
مجھے کہتے ہیں
دعا! کیوں مجھ کو تنگ اتنا کرتی ہو
کیوں نہیں کچھ کرنے دیتی ہو
آپ کو کیا علم
آپ میرے لیے کیا ہیں
اک ستارہ
اک چاند
اک روشنی
سیپ میں جیسے موتی
قوسِ قُزح کے رنگ ہوں جیسے
پھول میں بسی خوشبو ہو جیسے
سراپا دعا
12

طویل نظم
دعا علی
دل کا دھڑکن سے رشتہ ہو جیسے
چکور چاند کے لیے پاگل ہو جیسے
آسمان پر تیرتے ہوئے بادل ہوں جیسے
فقیر کے کشکول میں سانس لیتی زندگی کی طرح
ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح
ساحل پر بکھری ریت کی طرح
کوہساروں کی صدا ہو جیسے
کائنات کے بکھرے رنگ ہوں جیسے
محبوب کی سانسوں کی گرمی کی طرح
عاشق کے لہجے کی نرمی کی طرح
گوری کے پائل کی چھن چھن کی طرح
سراپا دعا
13

طویل نظم
دعا علی
ناچتے مور کے پر ہوں جیسے
چوکڑیاں بھرتی ہرن ہو جیسے
سورج کی پہلی کرن ہو جیسے
خشک پتوں کی بجتی پازیب ہو جیسے
دل کی سیپ میں پالا ہوا روگ ہو جیسے
صدف کا گہر سے رشتہ ہو جیسے
ساون کی رُت کی طرح
بارش کی پہلی بوندوں کی طرح
تتلیوں کے رنگوں کی طرح
موسم کی پہلی بارش کی طرح
آنکھوں کے درپن میں پھیلتے منظر کی طرح
سراپا دعا
14

طویل نظم
دعا علی
شرم سے بھیگے ہوئے ابدان ہوں جیسے
جھیل دار آنکھیں ہوں جیسے
چاندنی رات کی طرح
سرسراتی اُمنگوں کی طرح
بل کھاتی ہوئی ندیا کی طرح
غالب کا دیوان ہو جیسے
نُور کا خوان ہو جیسے!
شبنم کے قطرے ہوں جیسے
دھرتی پہ اُترے ہوں جیسے
سراپا دعا
15

طویل نظم
دعا علی
سرسوں کے پھول ہوں جیسے
جذبوں کا نزول ہو جیسے
تیرا میرا سنجوگ ہو جیسے
دھڑکنوں کا روگ ہو جیسے
لازم وملزوم ہوں جیسے
دارالمخطوم ہوں جیسے
سراپا دعا
16

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا آپ جانتے ہیں
محبت کس کو کہتے ہیں
محبت کیسی ہوتی ہے ؟
محبت
زندگی کی ڈور جیسی ہے
سانسوں کی ڈور جیسی ہے
اور اس ڈور میں
لاتعداد پھولوں کی بہاریں ہیں
محبت تو دعا ہے
پھر مجھ سے فرار کیسے ممکن ؟
سراپا دعا
17

طویل نظم
دعا علی
اصل میں آپ شاید جانتے ہی نہیں
کہ محبت کیا ہے؟
عشق کیا؟
وجدان کیا؟
وگرنہ مجھے ہرگز نہ کہتے یہ
دعا آپ پاگل ہو؟؟
جو مجھ سے محبت کر بیٹھیں
آپ کو کیا علم؟
مخالف میرے، میرا ہی دل ہوا ہے
جو میری مانتا ہی نہیں
جو مجھے کچھ جانتا ہی نہیں
سراپا دعا
18

طویل نظم
دعا علی
وہ کہتے ہیں دعا!
کیا بچوں جیسی باتیں کرتی ہیں
محبت میں بھلا کون جان دیتا ہے
آپ کو کیا علم؟
کہ آپ میری جان ہی تو لے گئے ہیں
میرا سارا دھیان ہی تو لے گئے ہیں
سراپا دعا
19

طویل نظم
دعا علی
آپ میری خواہش ہیں
میرا خواب ہیں
جسے چھونا ہے مجھے
جسے چاہنا ہے مجھے
جسے پوجنا ہے مجھے
سراپا دعا
20

طویل نظم
دعا علی
آپ اصل میں جھوٹ بولتے ہیں
خود سے بھی جھوٹ مجھ سے بھی جھوٹ
آپ اصل میں ڈرتے ہیں
میری محبت کی شدت سے
خوف آتا ہے آپ کو
آپ کہتے ہیں
مجھ سے دور رہیے
میرے پاس مت آئیے
میں تو بہت بزی ہوں
میرے پاس وقت کہاں اتنا جانِ من
کہ ہر وقت میں تم سے پیار بھری باتیں کروں
سراپا دعا
21

طویل نظم
دعا علی
اصل میں آپ ڈرتے ہی تو ہیں
محبت سے ڈر لگتا ہے آپ کو
وگرنہ کیوں کہتے
میں آپ کی باتوں سے
کہیں بہک نہ جاوں
پات پات کہیں لہک نہ جاوں
بچ رہا ہوں کہیں مہک نہ جاوں
میرا دھیان میرا گیان
سب کھو رہی ہیں آپ
سراپا دعا
22

طویل نظم
دعا علی
آپ کی کوئی دلیل
کوئی سبیل
میں نہیں مانوں گی
ہرگز نہیں مانوں گی
میں تو بس چاہوں گی
اپنے دل کی مانوں گی
اور عمر بھر چاہوں گی
سراپا دعا
23

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
یوں نہ مجھے آپ روکیے
یوں نہ مجھے آپ ٹوکیے
مجھے نہ آپ رلائیے
بس!
پاس میرے آجائیے بس
سراپا دعا
24

طویل نظم
دعا علی
وہ کہنے لگے دعا
کب بڑی ہوں گی آپ
سدھریں گی کب تک آپ ؟
آپ اپنی ضد چھوڑ کیوں نہیں دیتیں
انھیں علم نہیں
وہ میری ضد نہیں وہ میرا عشق ہیں
میرا جنون میرا وجدان ہیں
میں نے بھلا ضد کہاں کی ان سے
سراپا دعا
25

طویل نظم
دعا علی
کیا انھیں علم نہیں محبت کیا ہے ؟
جب کوئی وجد میں آتا ہے
اسکے تخیل میں کوئی اور کہاں سماتا ہے ؟
میں نے کہا
آپ کیوں نہیں سمجھتے ہیں
میری باتوں کو
نہیں ہوں میں بن آپ کے مکمل
سراپا دعا
26

طویل نظم
دعا علی
پھر اک دن غصے میں چھوڑ آئی
اور میں ان سے دور ہو گئی
بظاہر منظر نامے سے ہٹ گئی
گھری خامشی چھوڑ آئی
انھیں اکیلا چھوڑ آئی
پر ان کا سراپا تو آنکھوں میں سمایا ہے
ان سے دور ہو کر بھی ان سے دور نہ ہو سکی
سراپا دعا
27

طویل نظم
دعا علی
یہ دل ہے عجیب اتنا
خود ہی ہے رقیب اپنا
مگر وہ دور جا کر بھی
اور ہوا ہے قریب اتنا
وہ تو ہر پل ہر لمحہ
میرے ساتھ ہی رہے
ان کو کیسے سمجھاؤں بھلا
کیسے یہ بتلاؤں
بھلا اپنے آپ سے بھی
دور رہ سکتا ہے کوئی؟
سراپا دعا
28

طویل نظم
دعا علی
خود سے فرار کیسے ممکن ہے بھلا؟؟؟
وہ اندر سے ڈرے ہوئے ہیں
بہت ڈرے ہوئے شاید
انھیں محبت سے ڈر لگتا ہے
انھیں میری شدت سے ڈر لگتا ہے
وہ کس قدر ظالم اور سنگدل ہیں
میری محبت نہیں سمجھتے؟
ان پر مجھے کبھی غصہ
اور کبھی بہت پیار آتا ہے!
سراپا دعا
29

طویل نظم
دعا علی
وہ تو اصل میں ڈرتے ہیں
برملا اظہار سے انھیں ڈر لگتا ہے
پر میں تو انھیں چاہوں گی
اور بے پناہ چاہوں گی
سراپا دعا
30

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
پیار میں کملی ہار گئی، دل وار گئی
تن من بھی وار گئی
بکھر رہی ہے تنہائی میں
مجھ کو بانہوں میں بھر لے
کرنا مجھ کو پیار پیا
بن آپ کے ہوں میں ادھوری
آپ چھو لیں تو ہو جاؤں پوری
وصل کیا تو ڈرنا کیا
ہجر نہ مجھ میں بھرنا پیا
سراپا دعا
31

طویل نظم
دعا علی
پیار نبھانا ہوگا مجھ سے
ربط بڑھانا ہوگا مجھ سے
آپ دریا ہیں میں ہوں پیاسی،
بن کے رہوں گی آپ کی داسی
دل میں میرے آن بسے ہو
نیناں میں آپ ہی جچے ہو
بھرنے لگا ہے من میں پیار
آسانسوں میں بھر دے اقرار پیا
میں آپ کی ہوں آپ کی رہوں گی
آپ کے بن میں جی نہ سکوں گی
سراپا دعا
32

طویل نظم
دعا علی
کہنے لگے دعا!!
کیوں میرا دھیان اپنی طرف بھٹکاتی ہو
کیوں مجھے اتنا ستاتی ہو؟
کوئی کام کرنے کیوں نہیں دیتی ہو؟؟
سراپا دعا
33

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
آپ کو کال کروں
بس تھوڑی دیر کے لیے
میں نے کچھ کہنا ہے!
میں نے بہت کچھ کہنا ہے آپ سے!
کہنے لگے اچھا کیجیے کال
جو کہنا ہے کہہ دیجیے آج
کہہ دیجیے کہ
"مجھے آپ سے محبت ہے"
ستاروں سے سوا روشن
سمندروں سے کہیں گہری"
سراپا دعا
34

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
کہنا تو چاہتی ہوں پر لاج آتی ہے
ہاں البتہ
میں نے اک نظم لکھی ہے
آپ پڑھیں گے اسے؟
نظم پڑھ کر کہنے لگے دعا!
آپ کی نظم کچھ کچھ ادھوری ہے
اور بحر سے بھی خالی ہے
سراپا دعا
35

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
ہاں عنوان نہیں لکھا اس کا
بحر میں کیسے قید کروں
بحر دوں گی کوئی اسے تو
میرے الفاظ قید ہو جائیں گے
بحر، میں نہیں دوں گی اسے
مجھے لفظوں کو قید نہیں کرنا
میرے جذبوں کو قید نہیں کرنا
کہ جذبے تو سوچ کی وادی کی
مہکتی ہوا جیسے ہیں
سراپا دعا
36

طویل نظم
دعا علی
بتلائیے !
ہوا کو قید کیا جا سکتا ہے بھلا؟
جو مجھے کہنا ہے
سب بے بحر ہی کہنا ہے
میں نے کہا
اچھا آپ اسے عنوان دیں گے کیا؟
کچھ اچھا سا عنوان دیجیے نا
کہنے لگے یہ نظم تو "سراپا دعا" ہے
اس سے بہتر کوئی اور نام
کیسے ممکن ہے بھلا
سراپا دعا
37

طویل نظم
دعا علی
پھر کہنے لگے دعا
آپ اپنا دھیان مجھ سے
کیوں نہیں ہٹاتی ہو
اپنا من لکھنے میں
کیوں نہیں لگاتی ہو؟؟
لکھا کیجیے نا میں پڑھتا ہوں
آپ کی سب تحریروں کو
میں نے کہا لکھوں کیسے میں بھلا
دھیان آپ سے میرا ہٹتا ہی نہیں
سراپا دعا
38

طویل نظم
دعا علی
کہنے لگے کیا یہ کافی نہیں
کہ میں آپ کی سبھی تحریریں پڑھتا ہوں
میں تو چاہتا ہوں یہی کہ
آپ کا اک نام ہو اک اونچا مقام ہو
میں نے کہا مجھے نام اور مقام سے
بھلا کیا غرض جاناں
مجھے تو بس اتنا آپ بتایے
کہ آپ مجھے چاہتے ہیں کیا؟
سراپا دعا
39

طویل نظم
دعا علی
کہنے لگے دعا
کیسے اب آپ کو میں سمجھاؤں
کیسے بھلا آپ کو میں بتلاؤں
بھلا کیا افسانہ لکھوں اب!
کتنی بار تو کہہ چکا ہوں کہ
"جانِ من
روحِ من
"مجھے آپ سے محبت ہے
ستاروں سے سوا روشن
سمندروں سے کہیں گہری"
سراپا دعا
40

طویل نظم
دعا علی
اور کیا یہ کافی نہیں
میں آپ کو پورے دل سے
اور بڑے غور سے
پڑھتا ہوں!!!
میں نے کہا نہیں آپ افسانہ لکھیے نا
کہنے لگے کیا اب بھی نہیں
سمجھی ہیں آپ
کہ میرے اس فقرے میں
پورا افسانہ ہے کہ میں
آپ کو پڑھتا ہوں
بڑے غور سے میری جانِ جاں
سراپا دعا
41

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
پیار کی خوشبو من میں بسی ہے
پیاس تو لیکن لب پہ سجی ہے
میں نے کہا
آپ کو علم ہے محبت کیا ہے؟
محبت روشنی جیسی
محبت سازِ ہستی ہے
فقط دل میں جو بستی ہے
محبت ضبطِ پیہم ہے
محبت ہے دلوں کا میل
یہ جذبہ آسمانی ہے
محبت جاودانی ہے
سراپا دعا

طویل نظم
دعا علی
کہنے لگے دعا
کیا ہے آپ کو ہر وقت
محبت کی باتیں کرتی ہو
کرنے دو اب کام مجھے ؟
آخر چاہتی کیا ہو؟
میں نے کہا کیا آپ کو علم ہے ؟
دعا کا تعلق قلبی کیفیت سے ہوتا ہے
عشق سے ہوتا ہے
وجدان سے ہوتا ہے اور
آپ سے میرا دھیان کا تعلق ہے
پکے ایمان کا تعلق ہے
وجدان کا تعلق ہے
میں بھی تو دعا ہوں سراپا دعا ہوں
پھر بھلا مجھ سے فرار کیسے ممکن ؟
سراپا دعا
43

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا سائیں
محبت اک عنایت ہے
پھر کہنے لگے دعا
عجب پاگل سی لڑکی ہو
کتنی دفعہ تو کہہ چکا ہوں کہ ہاں
میری سجنی
میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں
سراپا دعا
44

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
آپ جانتے ہیں کیا؟
عشق کرنے والا
محبوب کی یادوں میں
کبھی کبھار گہری سوچ کے
استغراق میں ہوتا ہے
اور وہ ہر کسی کی
سوچ سے بالاتر ہوتا ہے
پھر مجھ سے فرار
کیسے ممکن؟
سراپا دعا
45

طویل نظم
دعا علی
کہنے لگے دعا
کب فرار چاہی میں نے تم سے
کیوں نہیں سمجھتی ہو تم آخر؟
میں نے کہا
اچھا چھوڑیں یہ باتیں
آپ بس مجھے اتنا بتائیے
آپ کو بارش اچھی لگتی ہے کیا؟
زیرِ لب مسکرائے وہ
کہنے لگے ایک شاعر کو
اور کیا چاہے
بارش میں بھیگنا، گنگنانا
اور ایک نظم لکھنا
سراپا دعا
46

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
مجھے بھی بارش
بہت اچھی لگتی ہے
خاص کر سردیوں کی بارش
اور بارش میں
آپ کے سنگ بھگینا
اچھا لگتا ہے
میرا دل چاہتا ہے
میں سارے جہان کی سیر
آپ کے سنگ کروں
ڈھیروں باتیں
آپ سے کروں
سراپا دعا
47

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
ایک بات اور پوچھنی ہے پوچھوں
کہنے لگے ہاں پوچھیے
پر جلدی پوچھیے گا
میں بہت بزی ہوں
میں نے کہا ہاں علم ہے مجھے
آپ بہت بزی ہیں
اور ہر وقت ہی بزی ہیں
پر میری نظم اب بھی ادھوری ہے
اسے مکمل کرنا ہے مجھے
کہنے لگے
تو میں مکمل کر کے دوں کیا اب نظم ؟؟
سراپا دعا
48

طویل نظم
دعا علی
اچھا لاؤ دو
میں کرتا ہوں یہ نظم مکمل
میں نے کہا نہیں ضرورت
میں خود کروں گی اسے مکمل
ورنہ پھر آپ کو کیسے پتہ چلے گا
کہ میں کتنا آپ کو چاہتی ہوں سائیں
مجھے آپ بس یہ بتائیے
آپ کو رنگ کون سا پسند ہے ؟
کہنے لگے
عنابی جیسے انار کا رنگ
شہد میں گھلا ہوا
کیوں کہ جب تم غصہ کرتی ہو نا ں جاناں
سرخ انار کی طرح تلملا اٹھتی ہو
سراپا دعا
49

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
مگر مجھے تو سفید رنگ پسند ہے
دودھیا سا جیسی کہ میری رنگت
کہنے لگے
ہاں سفید بھی اچھا لگتا ہے
مگر تمھاری رنگت
سفید نہیں میری جان
عنابی ہے انار جیسی
شہابی ہے!!!
سراپا دعا
50

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا اچھا اب یہ بتائیے
آسمان پسند ہے آپ کو
کہنے لگے
ہاں آسمان کسے اچھا نہیں لگتا
میں نے کہا مجھے تو نیلا رنگ بھی پسند ہے
نیلگوں آسمان جیسا رنگ
لطیف اور فرحت بخش
سراپا دعا
51

طویل نظم
دعا علی
پھر کہنے لگے
مجھے تو چاندنی راتیں بھی پسند ہیں
جب گگن پہ نور پھیل جاتا ہے
دل میں سرور پھیل جاتا ہے
تمہاری محبت دیکھ کر!
من میں غرور پھیل جاتا ہے
اور دُعا!!
کبھی کبھی یہ
دھوپ چھاؤں کا کھیل ہوتا ہے!
یہی زندگی ہے
خوشی کی بات یہی تو ہے کہ
آپ کو کوئی اچھے سے جانتا ہے
سراپا دعا
52

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
کیا اچھے سے جاننے سے
محبت کا اظہار ہو جاتا ہے ؟
نہیں مجھے آپ بتائیے
کیا مجھے آپ چاہتے ہیں
کہنے لگے
آپ پھر سے ضد کرنے بیٹھ گئی
کیسے میں سمجھاؤں اب تمھیں
اور کتنی دفعہ کروں اظہارِ محبت
سمجھتی کیوں نہیں میری باتوں کو
سراپا دعا
53

طویل نظم
دعا علی
اور
کہنے لگے
اس قدر حاوی کیوں
ہوتی جا رہی ہو مجھ پر
میں نے کہا
جب کی ہے محبت تو کیجیے بار بار اظہارِ محبت
میں تو چاہتی ہی یہی ہوں
کہ آپ کی سوچ کا محور میں بنوں
آپ کے تخیل میں صرف میں آؤں
آپ ہیں تو میں ہوں
اور یہ ساری کائنات ہے
آپ کا احساس
مجھے جینے کی اک امنگ دیتا ہے
سراپا دعا
54

طویل نظم
دعا علی
پھر کہنے لگے اچھا مجھے یہ بتاو
مجھے تم جان کہتی ہو نہ جاناں!!
یہ سائیں کیوں کہتی ہو؟
میں نے کہا کیوں کہ سائیں
سائیں سر کا تاج ہوتا ہے
کہنے لگے میرے نزدیک
پتہ ہے سائیں کا مطلب کیا ہے ؟
میں نے کہا بتائیے تو؟
کہنے لگے دعا
جس کے آپ
تن من دھن سے ہو چکے ہو
، وہ آپ کے اندر رچ بس چکا ہو
نہ کوئی پردہ نہ حجاب نہ کوئی لاج
سراپا دعا
55

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا سائیں
مطلب تو یہی ہے
مگر بات پھر بھی وہیں کی وہیں ہے
کہ آپ کو میری باتوں کی
کیوں نہیں سمجھ آتی
کہ میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں
پھر ہنس کر کہنے لگے دعا
کتنی سندر لگتی ہو تم
مسکراتے ہوئے
جیسے جادُو ہو کوئی
اور تمہاری مسکراہٹ سے
شبِ تیرہ میں!!
اُجالا پھیل سا جائے!!!
سراپا دعا
56

طویل نظم
دعا علی
تم میری محبت ہو
اور بے شک ہو!!!
میں نے کہا
اچھا سنیے ناں!!!
پتہ ہے
بہت کم لوگ ہوتے ہیں
جو یہ سمجھ پاتے ہیں
کہ عورت خود محبت ہے
سراپا محبت
اور سب کہتے ہیں
عورت معشوق ہے
سراپا دعا
57

طویل نظم
دعا علی
جب کہ عورت معشوق نہیں
عاشق ہوتی ہے
صرف ایک مرد کا پیار
اس کے دل میں پنپتا ہے
عشق بھی تو محبت کے بعد ہوتا ہے
مسکراتے ہوئے پھر کہنے لگے
جانتا ہوں میں
میری دھوپ کی کرنوں جیسی جانیا
میں تمھارے اندر کی کیفیت
اپنے اندر محسوس کرتا ہوں
سراپا دعا
58

طویل نظم
دعا علی
میں جانتا ہوں کہ
تم کیا کیا چاہتی ہو،
لیکن زبان تک نہیں لاتی ہو
وہ لفظ سارے
اور میں بھی یہی
چاہتا ہوں کہ ان لفظوں کی لاج رہے
ان جذبوں کی توقیر سلامت رہے
میں نے کہا
جب سب پتہ ہے
تو پھر سمجھتے کس لیے نہیں
سراپا دعا
59

طویل نظم
دعا علی
اچھا چھوڑیے یہ بتائیے
آپ کو رنگ برنگی
اڑتی ہوئی تتلیاں اچھی لگتی ہیں ؟
وہ کہنے لگے مجھ سے کچھ یوں
سنو جاناں
تتلی کا وجودِ نرم و نازک ہے
کبھی چھو کر بھی دیکھا ہے
اسے ہاتھوں میں لیتے ہی
حسیں جو رنگ اس کے ہیں
وہ رہ جاتے ہیں ہاتھوں میں
مگر تتلی کی بے رنگی
یہی آزار ہے اس کا
سراپا دعا
60

طویل نظم
دعا علی
تو سن کر ان کی باتوں کو
بھرے آنکھوں میں آنسو اور
ہوئی اس سے مخاطب میں
مرے سائیں!
جب آپ مجھ سے بات نہیں کرتے
تو مجھ کو ایسا لگتا ہے
کہیں پر کھو گئے ہیں
رنگ میری زندگی کے سب
سو میری زندگی کا
یہی بے رنگ فسانہ ہے
سراپا دعا
61

طویل نظم
دعا علی
بانہوں میں مجھ کو بھر کر وہ
کہنے لگے پھر مجھ سے وہ
میری جاناں
میں اگر یہ اظہار کر دوں تو
کہ جیسے پیار ہوتا ہے
صدف کو ایک موتی سے
دل کو دل کی دھڑکن سے
مجھے ایسے ہی جانِ جاں
فقط تم سے محبت ہے
سراپا دعا
62

طویل نظم
دعا علی
سن کر پھر میں یہ کہنے لگی
آپ کو معلوم ہے
آپ کا تصور میرے
پورے وجود کو مہکا دیتا ہے
اس سے بہتر میرے لیے
اور کیا راحت ہوگی سائیں
کہ آپ صرف میرے
اور صرف میرے ہیں
سراپا دعا
63

طویل نظم
دعا علی
پھر کہنے لگے
اچھا پاس آؤ میرے
اک سرگوشی کرنی ہے
میں نے کہا
نہیں سننی مجھے کوئی بات
پھر کہنے لگے کان میں ہولے سے
بس اتنا کہنا ہے
مجھے تم سے محبت ہے
اور میرے دل کی ملکہ ہو تم
اور بھیگ رہی ہے رات بھی
اور اندر اک جھل تھل اک طوفان
سراپا دعا
64

طویل نظم
دعا علی
اور تمھیں پتہ ہے
سب سے خطرناک نشہ کیا ہے
اور سب سے
خطرناک خوشبو کون سی
میں نے کہا اچھا بتائیے ذرا
کہنے لگے
محبت کا نشہ اور
تمہاری زُلفوں کی خوشبو
سراپا دعا
65

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا
معلوم ہے آپ کو
عورت کیا چاہتی ہے؟
بہت سارا پیار اور ایک تحفظ
اور معلوم ہے
آپ کو پا کر
میرا ایمان مکمل ہوتا ہے
سراپا دعا
66

طویل نظم
دعا علی
پھر پوچھا میں نے ان سے
اچھا یہ تو بتائیے
شام کا منظر کیسا لگتا ہے؟
کہنے لگے مجھ سے وہ
شام کے سرمئی بادلوں پر
جب نظر میری پڑتی ہے
تو اکثر، من میں خیال آتا ہے
لے کر تجھ کو ساتھ اپنے
ان سرمئی بادلوں کے پار بساؤں اپنا
تجھ سنگ اک گھر بناؤں
اور نارنجی شفق کے عارضی آنچل میں
ڈوبتے سورج کے منظر میں
من میں تیرا پیار اترتا ہے
سراپا دعا
67

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا اچھا یہ بتائیے
یہ کیا ہے؟
کبھی جان، کبھی جانیا
کبھی جانم، کبھی سجنی
کبھی روحِ من
کبھی میری زندگی
کبھی میرے دل کی ملکہ، کبھی زندگی!
ہنس کر وہ یہ کہنے لگے
تمہیں محبت کے سبھی ناموں سے
مخاطب کرنا چاہتا ہوں
تاکہ تم میری محبت کے حصار سے
کبھی باہر ہی نہ آسکو
سراپا دعا
68

طویل نظم
دعا علی
میں نے کہا سائیں
پتہ ہے جب
آپ کو سوچتی ہوں تو
میرے گرد نقرئی روشنی کا اک ہالہ ہوتا ہے
اور کائنات میرے چاروں اور رقص کرتی ہے
کہنے لگے دعا!
کب عقل آئے گی آپکو
آخر کب سدھرو گی آپ
کتنی دفعہ تو اظہارِ محبت کر چکا ہوں
میں نے کہا سائیں
ہوش اور عقل سے اسے کیا کام
عشق یکسر جنون ہے جاناں !!!!
سراپا دعا
69

شاعری اظہارِ جذبات واحساسات کا انتہائی لطیف ذریعہ ہے۔
جو یہ ہنر جانتے ہیں وہ شاعر کہلاتے ہیں، زیادہ تر شعرا کی شاعری غزل کی حد تک محدود ہے، میرے نزدیک غزل شاعری کی سب سے آسان صنف ہے شاعر کی اصلیت کا پتہ نظم سے چلتا ہے جو شاعر اپنی نظموں سے قاری کو متوجہ کر لے وہ حقیقی معنوں میں شاعر ہے۔
'دعا علی' ایک ایسی مصنفہ اور شاعرہ کا نام ہے جو نہ صرف غزل بلکہ نظم کے اسلوب سے بھی نہ صرف بخوبی آشنا ہیں بلکہ ایک اعلیٰ معیار کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔

شگفتہ نعیم ہاشمی

یہاں میں ان کی طویل نظم 'سراپا دعا' کے حوالے سے چند الفاظ تحریر کر رہی ہوں، حالانکہ یہ ایک طویل نظم ہے مگر تخیل کی وسعت وگہرائی ابتدا سے انتہا تک قائم رہتی ہے، اگرچہ نظم کا بنیادی موضوع ہجر ہے مگر اظہار میں تنوع ہے یہ نظم لفظی اور معنوی حسن سے مرصع ایک معرکہ تخلیق ہے۔ اس نظم میں دعا علی نے خوبصورت تماثیل، تشبیہات اور استعارات کو بیک وقت انتہائی مہارت کے ساتھ سمویا ہے، کہیں محبوب کو ستارہ تو کہیں چاند اور روشنی جیسے استعاروں سے مخاطب کیا ہے۔

کہیں دعا علی سراپا دعا بن جاتی ہیں کہیں سراپا حیا بن جاتی ہیں تو کہیں سراپا التجا بن جاتی ہیں۔ کہیں بڑی بے باکی سے اپنے جذبات کا اظہار کر جاتی ہیں،

شگفتہ نعیم ہاشمی

ملاحظہ ہو
پیار میں کملی ہار گئی دل وار گئی
تن من بھی وار گئی
بکھر رہی ہے تنہائی میں
مجھ کو بانہوں میں بھر لے
کرنا مجھ کو پیار پیا
بِن آپ کے ہوں میں ادھوری
آپ چھو لیں تو ہو جاؤں پوری
آزاد نظم ہونے کے باوجود
کئی مصرعوں میں تسلسل سے قافیے چلتے ہیں
شگفتہ نعیم ہاشمی
سراپا دعا
72

ملاحظہ ہو

آپ میری نس نس میں سما چکے ہیں
میرے دل کے تار ہلا چکے ہیں
اور
میری جان جانے لگتی ہے
دل میں ویرانی چھانے لگتی ہے
میرے اندر کی تڑپ چلانے لگتی ہے
دعا علی اپنے پندار کا بھرم رکھنا بھی جانتی ہیں اور
جذبات کا اظہار کرنا بھی جانتی ہیں،

شگفتہ نعیم ہاشمی

ملاحظہ ہو،

خشک پتوں کی بجتی پازیب ہو جیسے
دل کی سیپ میں پالا ہوا روگ ہو جیسے

انتہائی عمدہ ترکیب کو انتہائی سہولت سے بیان کیا ہے۔

نظم کا ایک ایک لفظ دل کی گہرائی سے نکلا ہوا ہے، الفاظ سے ایسی خوبصورت منظر کشی کی ہے کہ ہر غمزدہ کو اپنے دل کی آواز لگتی ہے یہ نظم محبوب سے ساتھ ایک طویل مکالمہ ہے

شگفتہ نعیم ہاشمی

کہیں 'روح من' کہیں 'جان من' تو کہیں 'سائیں' جیسے
القاب سے محبوب کو مخاطب کر کے قاری کو ایک حسین
کیفیت میں مبتلا کر دیتی ہیں یہ نظم ایک ایسی لڑکی کی اپنے
محبوب سے گفتگو ہے جو اپنے محبوب سے ہر وقت اظہار
محبت کی متمنی ہے۔ میں دعا علی صاحبہ کو اتنی خوبصورت
نظم لکھنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور ان کی قلمی رفعتوں اور
شاندار ادبی مستقبل کے لیے دعا گو ہوں۔
شگفتہ نعیم ہاشمی
سراپا دعا
75

ماشاء اللہ اتنی طویل نظم اور اتنی مربوط کمال کر دیا دعا علی نے ۔ طویل نظم میں نے محسن نقوی کی پڑھی ہے اور مجھے آدھی سے زیادہ شاید زبانی یاد بھی ہے اس میں مضمون، خیال اور الفاظ کا ارتباط بیمثال ہے
محسن نقوی کے بعد وہی ارتباط مجھے دعا علی کی نظم میں ملا ۔ جس نے کافی دیر مجھے خوشگوار حیرت اور سحر انگیزی میں جکڑے رکھا ۔
دعا علی کی بے لوث ادبی خدمات کا میں پہلے سے ہی معترف تھا اور ہمیشہ رہوں گا بھی لیکن طویل نظم کو اس قدر جوڑ کر اور باندھ کر لکھنے کی صلاحیت نے میری نظر میں اُن کا ادبی قد اور اونچا کر دیا ہے ۔

سلامت رہیں، شاداب رہیں
اللہ کریم کرے زورِ قلم اور زیادہ
آمین الٰہی آمین
ہمیشہ دعاگو

باصر زیدی لاہور